NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

Service **NEWS OF INTEREST**

Source **"DAILY NAWA-I-WAQT", Tuesday, September 6, 2016**

ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ترقی کیلئے اچھوتے طرز فکر کی ضرورت ہے: چودھری نواز

نیشنل یونیورسٹی کے طلبہ کو نئی خوبیوں والی مصنوعات تیار کرنے پر توجہ دینا ہوگی: ڈسپلے تقریب سے خطاب

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) عالمی سطح پر فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کی مقبولیت کو برقرار رکھنے کیلئے اس شعبہ میں نئی اختراعات، تنوع اور جدیدیت کے ساتھ ساتھ اچھوتے طرز فکر کی بھی ضرورت ہے اور اس سلسلہ میں نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے طلبہ کو اپنے علم عالمی ضروریات اور تقاضوں کے عین مطابق نئی خوبیوں والی مصنوعات تیار کرنے پر توجہ دینا ہوگی۔ وہ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے شعبہ ڈیزائن کے زیراہتمام فائنل ایئر کے طلبہ کے پراجیکٹ ڈسپلے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے جس میں یونیورسٹی کے ریکٹر ڈاکٹر تنویر حسین، رجسٹرار ظفر جاوید، ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ عمر حمید اور ٹیکسٹائل کی صنعت سے وابستہ افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہیں بتایا گیا کہ یونیورسٹی کے ایک اور طالب علم نے ایسی بیڈ شیٹ بھی تیار کی ہے جس کے استعمال کے باوجود نہ تو اس پر سلوٹ پڑتی ہے اور نہ ہی اس پر داغ دھبے لگتے ہیں۔

فیصل آباد نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے شعبہ ڈیزائن کے زیراہتمام فائنل ائر کے طلبہ وطالبات کے پراجیکٹ ڈسپلے کا صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چودھری محمد نواز، محمد یعقوب اعوان و دیگر وزٹ کر رہے ہیں

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**